# بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

## (نیلام عام برائے متفرق اشیاء)

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی ہذا میں متفرق اشیاء جس میں لوہا سکریپ، گیزر، چار پائیاں، سٹیل، ایلومینیم، فرنیچر/فکسچر، الیکٹرک، الیکٹرونکس، کارپٹ، وغیرہ جہاں ہے اور جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔ دلچسپی رکھنے والی فرمیں اپنی فرم کے لیٹر ہیڈ پیڈ پر اشیاء (سنگل لاٹ) بولی کی رقم وغیرہ درج کر کے سربمہر لفافے، ہمراہ قومی شناختی کارڈ، نیشنل ٹیکس نمبر/سیلز ٹیکس نمبر درج کر کے مورخہ **9 مئی 2023ء دن 11:00** بجے زیر دستخطی تک پہنچا دیں، یہ کوٹیشنز اسی دن بولی دہندگان یا ان کے نمائندے کی موجودگی میں دن **11:30** بجے کھولی جائیں گی۔

**نیلام عام میں شامل تمام فرمز کو درج ذیل شرائط وضوابط پر عمل کرنا ہے۔**

۱۔ لفافے کے اوپر "**کوٹیشن برائے نیلامی متفرق اشیاء**" لکھا ہونا ضروری ہے۔

۲۔ کوٹیشن کے ساتھ مبلغ -/100,000 روپے کا بنک ڈرافٹ یا پے آڈر بنام بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد بطور زرضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا اور نا قابل واپسی نیلامی فیس مبلغ -/1000 روپے بصورت بنک ڈرافٹ یا پے آڈر منسلک کرنا ضروری ہے۔

۳۔ مشروط اور کانٹ چھانٹ والی کوٹیشن نا قابل قبول ہوگی۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کے لیے لازم ہوگا کہ ضروری دفتری کاروائی کے بعد ایک ہفتہ کے اندر تمام سامان اٹھائے بصورت دیگر زرِضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو سامان اپنے خرچ پر اٹھانا ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کو سامان اٹھانے سے قبل تمام ٹیکس گورنمنٹ قوانین کے مطابق کل رقم پر ادا کرنا ہوگا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ کو سامان اٹھانے سے قبل "**تمام رقم بشمول انکم ٹیکس**" یونیورسٹی کیشیئر کے پاس جمع کروانا ہوگی۔

۸۔ یونیورسٹی انتظامیہ کو یہ اختیار ہوگا کہ PPRA کے قوانین کے مطابق کوئی ایک یا تمام کوٹیشنز منسوخ کر دے۔

نیلامی کا سامان دیکھنے کے لیے سپرنٹنڈنٹ (سٹور) سے فون نمبر **051-9019259** پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**اطہر علی خان**
**سپرنٹنڈنٹ (سٹور)،**
**ایڈمن بلاک بیسمنٹ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی،**
**ایچ ٹین، اسلام آباد۔ 051-9019259**